اسلامیات

القرآن

سلیبس کے مطابق پہلی سہ ماہی یاد کرنی ہے۔

اللہ تعالیٰ پر ایمان

سوال ۱: یہ دنیا کس نے بنائی ہے؟

جواب: یہ دنیا اللہ تعالیٰ نے بنائی ہے۔

سوال ۲: دنیا کا ہر کام کس کے حکم سے ہوتا ہے؟

جواب: دنیا کا ہر کام اللہ تعالیٰ کے حکم سے ہوتا ہے۔

سوال ۳: ہمیں کس کی عبادت کرنی چاہیے؟

جواب: ہمیں اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنی چاہیے۔

سوال ۴: توحید کا کیا مطلب ہے؟

جواب: توحید کا مطلب ہے اللہ تعالیٰ کو ماننا۔

ہمارے پیارے نبی ﷺ

سوال ۱: اللہ تعالیٰ نے نبیوں کو کیوں بھیجا؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے نبیوں کو سیدھی اور سچی راہ دکھانے کے لیے بھیجا۔

سوال ۲: قرآن مجید کس نبی پر نازل کیا گیا؟

جواب: قرآن مجید حضرت محمد ﷺ پر نازل کیا گیا۔

سوال ۳: آپ ﷺ ہمیشہ کیسی باتیں کرتے اور کیسے کام کرنے کی تلقین فرماتے؟

جواب: آپ ﷺ ہمیشہ سیدھی اور سچی باتیں کرتے اور نیک کام کرنے کی تلقین فرماتے تھے۔

سوال ۴: اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں کیا صاف فرمایا ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ حضرت محمد ﷺ آخری نبی ہیں اور ان کے بعد قیامت تک کوئی نبی نہیں آئے گا۔

سوال ۵: ہمارے پیارے نبی ﷺ کہاں پیدا ہوئے اور آپ ﷺ کا روضہ مبارک کہاں ہے؟

جواب: ہمارے پیارے نبی ﷺ مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے اور آپ ﷺ کا روضہ مبارک مدینہ منورہ میں ہے۔

قرآن مجید

سوال ۱: اللہ تعالیٰ کی آسمانی کتابوں کے نام کیا ہیں؟

جواب: تورات، زبور، انجیل، قرآن مجید۔

LITTLE ANGELS' SCHOOL LAS

سوال۲: آخری آسمانی کتاب کونسی ہے؟

جواب: آخری آسمانی کتاب قرآن مجید ہے۔

سوال۳: قرآن مجید کی حفاظت کون کرتا ہے؟

جواب: قرآن مجید کی حفاظت اللہ تعالیٰ کرتا ہے۔

سوال۴: قرآن مجید کتنے سال میں نازل ہوااور اس میں کتنے پارے ہیں؟

جواب: قرآن مجید تیئیس سال میں نازل ہوااور اس میں تیس پارے ہیں۔

• طہارت اور پاکیزگی

• نماز

سوال۱: صاف ستھرا رہنے کے کیا فائدے ہیں؟

جواب: صاف ستھرا رہنے والوں کو اللہ تعالیٰ اور سب لوگ پسند کرتے ہیں۔

سوال۲: ہمارے دین میں صفائی کتنی اہم ہے؟

جواب: ہمارے دین میں صفائی کو آدھا ایمان قرار دیا گیا ہے۔

سوال۳: وضو کرنے سے پہلے کیا پڑھنا چاہیے؟

جواب: وضو کرنے سے پہلے بسم اللہ پڑھنا چاہیے۔

سوال۴: قیامت کے دن سب سے پہلے کس عبادت کے بارے میں پوچھا جائے گا؟

جواب: قیامت کے دن سب سے پہلے نماز کے بارے میں پوچھا جائے گا۔

سوال۵: نماز پڑھنا ہر مسلمان پر کیا ہے؟

جواب: نماز پڑھنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔

سوال۶: مسلمانوں پر کتنے وقت کی نماز پڑھنا فرض ہے؟

جواب: مسلمانوں پر پانچ وقت کی نماز پڑھنا فرض ہے۔

سوال۷: نماز پڑھنے کے لیے نمازی کا بدن اور کپڑے کیسے ہونے چاہییں؟

جواب: نماز پڑھنے کے لیے نمازی کا بدن اور کپڑے پاک ہونے چاہییں۔

سوال۸: جماعت کے ساتھ اور مسجد میں نماز پڑھنے سے کیا ہوتا ہے؟

جواب: جماعت کے ساتھ اور مسجد میں نماز پڑھنے سے زیادہ ثواب ملتا ہے۔

Note: Islamiat work given above will be done as it is on Islamiat school copy.